
Aquiline

حی علی الفلاح

اسلامیات

اوّل

یکساں قومی نصاب کے عین مطابق



رہنمائے اساتذہ

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

Term Planning, 2022-23

Class: 1 **Subject:** Islamiyat

Month	Academic Week	Date	No. of Working Days	ٹیکسٹ بک: حی علی الفلاح ۱	
				Topic	Page No.
March	1st	7th Mar – 11th Mar	5	**Orientation Week**	
	2nd	14th Mar – 18th Mar	5	القرآن الکریم (قاعدہ): • عربی حروفِ تہجی اور مشق	5-7
	3rd	21st Mar – 25th Mar	4 **Pakistan Day**	• حرکات، کھڑی حرکات، تنوین اور مشق • سورۃ اللَّهَبِ	8-15 24
	4th	28th Mar – 1st Apr	5	• جزم و سکون — حُروفِ قلقلہ، تشدید-غُنّہ اور مشق • سورۃ الإخلَاص	16-19 24
April	5th	4th Apr – 8th Apr	5	• **1st Quiz**	
	6th	11th Apr – 15th Apr	5	• حُروفِ مَدّہ، حُروفِ لین اور مشق • سورۃ الفَلَقِ	20-23 25
	7th	18th Apr – 22nd Apr	5	**Revision**	
	8th	25th Apr – 29th Apr	5	**Revision**	
May	9th	2nd May – 6th May	5	**Eid-ul-Fitr Week**	
	10th	9th May – 14th May	6	**First Assessment**	
	11th	16th May – 20th May	5	• سورۃ اللَّهَبِ، سورۃ الإخلَاص، سورۃ الفَلَقِ، سورۃ النَّاس (مکمل دہرائی)	24-25
	12th	23rd May – 27th May	5	حفظ قرآن مجید: • سورۃ الْکوثَر، سورۃ الإخلَاص اور مشق • سورۃ النَّاس	26-28 25
June	13th	30th May – 3rd Jun	5	حفظ و ترجمہ: • کلمہ طیبہ اور مشق • سورۃ اللَّهَبِ	29-30 24
	14th	6th Jun – 10th Jun	5	• 2nd Quiz	
11th Jun – 14th Aug			**Summer Vacation**		
August	15th	15th Aug – 19th Aug	5	• کلماتِ طیبّات، دُعا اور حدیثِ نبوی ﷺ اور مشق • سورۃ الإخلَاص	31-33 24
	16th	22nd Aug – 26th Aug	5	ایمانیات و عبادات: • توحید اور مشق • سورۃ الفَلَقِ	34-37 25
	17th	29th Aug – 2nd Sep	5	• نبوت و رسالت اور مشق • سورۃ النَّاس	38-40 25
September	18th	5th Sep – 9th Sep	5	**Revision**	
	19th	12th Sep – 16th Sep	5	**Revision**	
	20th-21st	19th Sep – 1st Oct	12	**Mid-Year Examination**	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

Term Planning, 2022-23

Class: 1 **Subject:** Islamiyat

Month	Academic Week	Date	No. of Working Days	ٹیکسٹ بک: حی علی الفلاح ۱	
				Topic	Page No.
October	22nd	3rd Oct – 7th Oct	5	• سورۃ اللَّهَبِ، سورۃ الإخلَاصِ، سورۃ الفَلَقِ، سورۃ النَّاس(مکمل دہرائی)	24-25
	23rd	10th Oct – 14th Oct	5	• حرکات، کھڑی حرکات، تنوین اور مشق • سورۃ اللَّهَبِ	8-15 24
	24th	17th Oct – 21st Oct	5	• جزم وسکون— حُروفِ قلقلہ، تشدید-غُنّہ اور مشق • سورۃ الإخلَاصِ	16-19 24
	25th	24th Oct – 28th Oct	5	• 3rd Quiz	
November	26th	31st Oct – 4th Nov	5	• مسجد واذان اور مشق	41-43
	27th	7th Nov – 11th Nov	5	**Revision**	
	28th	14th Nov – 18th Nov	5	**Revision**	
	29th	21st Nov – 26th Nov	6	**Second Assessment**	
	30th	28th Nov – 2nd Dec	5	• نماز اور مشق	44-47
December	31st	5th Dec – 9th Dec	5	سیرت طیبہ ﷺ: • ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اور مشق • سورۃ اللَّهَبِ	48-50 24
	32nd	12th Dec – 16th Dec	5	• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین کے اخلاق حسنہ ﷺ اور مشق • سورۃ الإخلَاصِ	51-53 24
	33rd	19th Dec – 23rd Dec	5	• 4th Quiz	
24th Dec – 1st Jan				**Winter Vacation**	
January	34th	2nd Jan – 6th Jan	5	اخلاق وآداب: • اچھے اَخلاق اور مشق • سورۃ الفَلَقِ	54-56 25
	35th	9th Jan – 13th Jan	5	• سلام اور اس کے آداب اور مشق • سورۃ النَّاس	57-59 25
	36th	16th Jan – 20th Jan	5	ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام: • انبیائے کرام علیہ السلام کا تعارف اور مشق	60-63
	37th	23rd Jan – 27th Jan	5	**Revision**	
February	38th	30th Jan – 3rd Feb	5	**Revision**	
	39th-40th	6th Feb – 18th Feb	12	**Final Year Examination**	
24th Feb – 25th Feb				**Final Result + Annual Function**	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: حروفِ تہجی	**وقت:** ۱/۴۰ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 2	**دن:** 1	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- عربی کے حروفِ تہجی کی پہچان کر سکیں گے۔
- حروفِ تہجی کو صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں گے۔
- اُردو اور عربی زبان میں حروفِ تہجی کا آپس میں فرق جان سکیں گے۔
- حروف کے مخارج کے بارے میں آگاہی دیں سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشوونمایافتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** حروفِ تہجی، تین، عربی، زبان، تعداد، اُردو

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو سبق کے نام ''حروفِ تہجی'' سے آگاہ کیجیے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈ اور مارکر کی مدد سے تحریری و تقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے ہوئے حروفِ تہجی کی مختلف اشکال لکھوائیے نیز اس کے مطابق تمام طلبہ کو مثالیں دے کر سمجھائیے۔ • اُنہیں بتائیں کہ وہ یہ سبق ''حروفِ تہجی'' کیوں پڑھ رہے ہیں۔ • انہیں بتائیں کہ حروفِ تہجی کی اردو زبان میں تعداد 36 اور عربی میں 29 ہے۔	۵منٹ
منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:-**	۳۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

- نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق ''حروفِ تہجی'' کی پڑھائی کروایئے۔
- طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق 1 قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ عنوان: ''حروفِ تہجی'' (صفحہ نمبر 5،6) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، حروفِ تہجی، تین، عربی، زبان، تعداد، اُردو، وغیرہ۔
- طلبہ کو بتایئے کہ عربی حروف تہجی کو پڑھنے کا انداز اُردو حروف تہجی سے مختلف ہے۔ اس لیے ہر حرف کے ساتھ اس کا تلفظ مختلف ہو گا۔
- طلبہ کو بتایئے کہ ف، ب، م، و کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- اسی طرح کہ ث، ذ، ظ، ت، د، ط، ز، س، ص، ل، ن، ر کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو بتایئے کہ ج، ش، ی، ض، ک، ق کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- اسی طرح کہ ء، ہ، ع، ح، غ، خ کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- نمونے کی پڑھائی کے بعد کسی ایک ذہین طالب علم سے بھی کہیے کہ وہ بھی سبق ''حروفِ تہجی'' کی کچھ لائنیں پڑھے۔
- اس کے بعد ایک درمیانے اور ایک کمزور درجے کے طالب علم سے کہیے کہ وہ بھی پڑھیں۔
- کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیجیے نیز سبق کی پڑھائی کے عمل کے بعد کچھ دیر کے لئے مباحثاتی طریقہ تدریس استعمال کیجیے تا کہ تمام طلبہ اپنی چھپی صلاحیتوں کو ابھارنے میں کامیاب ہو سکیں۔ اور اگلے دن مزید گرم جوشی سے پڑھائی کے عمل میں حصہ لیں۔

اضافی سرگرمی:

سرگرمی نمبر1: ترتیب وار مکمل عربی حروفِ تہجی پڑھایئے۔

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز
س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق
ک ل م ن و ہ ھ ء ی

سرگرمی نمبر2: درج ذیل حروف کو ان کے مخارج کے مطابق درست خانوں میں لکھیے۔

ف ب م و
ث ذ ظ ت د ط ز س ص ل ن ر

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

ج ش ی ض ک ق ء ہ ع ح غ خ	
خلاصہ: سبق ''حروفِ تہجی'' کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • اردو حروفِ تہجی کی تعداد کتنی ہے؟ • عربی حروفِ تہجی کی تعداد کتنی ہے؟	۲منٹ
تفویض کار: اردو اور عربی حروف تہجی کو اپنی کاپی پر لکھیے اور ان کی آوازوں کو یاد کیجیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:	
پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline
Publishers, Printers & Booksellers

جماعت:اول

مضمون:اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: حروفِ تہجی(مشق)	**وقت:** ۱/۴۰ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 2	**دن:** 2	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حروفِ تہجی(اردو اور عربی) کی آوازوں کی پہچان کر سکیں گے۔
- حروفِ تہجی کی درست تلفظ اور مخارج کے ساتھ مشق کروایئے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشو نما پاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:**

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو حروفِ تہجی(اردو اور عربی) سے آگاہ کیجیے۔ • انہیں بتائیں کہ آج وہ ''حروفِ تہجی'' کی مشق حل کرنے والے ہیں۔ • طلبہ کے علم کو جانچنے کے لیے سبق سے کچھ پوچھیے: ➢ طلبہ سے حروفِ تہجی(اردو اور عربی)والے حروف کے درست تلفظ سنیں۔	۵منٹ
منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:-** • نمونے کی پڑھائی کے بعد کسی ایک ذہین طالب علم سے کہیے کہ وہ حروفِ تہجی(اردو اور عربی)(صفحہ نمبر 7) کے مشقی سوالات پڑھے۔ • اس کے بعد درمیانے درجے اور ایک کمزور درجے کے طلبہ سے بھی کہیے کہ وہ بھی پڑھیں۔	۳۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

	• موقع پر ہی غلطیوں کی درستی کروایئے اور اپنی رائے دیجیے۔ • طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اگلی بار اس سے بھی اچھی پڑھائی کریں۔ **سرگرمیاں:** **سرگرمی نمبر۱:** **نقاط کے بغیر تین حروف لکھیے۔** ا ح د **سرگرمی نمبر۲:** **ذخیرہ الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔** 1. 29 2. 36 3. حروف تہجی 4. چار **سرگرمی نمبر۳:** **حروفِ تہجی کو ان کی درست آوازوں سے ملایئے۔** 1. ب، با 2. ط، طا 3. ج، جیم 4. د، دال **سرگرمی نمبر۴:** **درست جملے کے سامنے "د" اور غلط کے سامنے "غ" کا نشان لگائیں۔** 1. درست 2. غلط 3. درست 4. غلط	
خلاصہ:	سبق "حروفِ تہجی" کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا:	نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • حروفِ تہجی (اردو اور عربی) کی تعداد کتنی ہے؟ • بغیر نقاط والے تین حروف تہجی بتائیں۔	۲منٹ
تفویض کار:	بچوں کو حروفِ تہجی کی تمام مشقی سرگرمیاں لکھنے کے لیے دیجیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:		
پڑھانے کی جانچ پڑتال:		

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline
Publishers, Printers & Booksellers

جماعت:اول

مضمون:اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: حرکات(زبر،زیراور پیش)	**وقت:** ۴۰/۱ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 3	**دن:** 1	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حرکات(زبر،زیراور پیش)اوران کی آوازوں کو پہچان سکیں گے۔
- حرکات(زبر،زیراور پیش)والے حروف کو درست تلفظ سے پڑھ سکیں گے۔
- سورۃاللَّهَبِ زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب،وائٹ بورڈ،بورڈمارکر،ڈسٹر

- **نشوونماپاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** زیر،زبر،پیش،اٹھتی،نیچے،اوپر،جانب،ہمیشہ،آواز،ہونٹوں،وقت

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ

	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو سبق کے نام ''حرکات'' سے آگاہ کیجیے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈاورمارکر کی مدد سے تحریری وتقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے ہوئے حرکات کی تین مختلف تعداد لکھوایئے نیز اس کے مطابق تمام طلبہ کو مثالیں دے کر سمجھایئے۔ • اُنہیں بتایئے کہ وہ یہ سبق ''حرکات'' کیوں پڑھ رہے ہیں۔ • انہیں بتایئے کہ حرکات کی زبر،زیراور پیش حرکات کی تعداد ہیں۔	۵منٹ
منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:-** • نمونے کے طورپر بلند آواز میں ''سورۃاللَّهَبِ''(صفحہ نمبر24)کی تلاوت کریں۔طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سُوْرَۃُ	۳۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

اللَّهَبِ" کی تلاوت غور سے سنیے۔

- نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق "حرکات" کی پڑھائی کروائیے۔
- طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق 2 قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ عنوان: "حرکات" (صفحہ نمبر 8،9) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، زیر، زبر، پیش، اٹھتی، نیچے، اوپر، جانب، ہمیشہ، آواز، ہونٹوں، وقت، وغیرہ۔
- اس کے بعد طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ زبر کی آواز اوپر کی جانب اٹھتی ہے اس کی آواز "ا" کی آواز سے کچھ کم ہوتی ہے۔ یہ ہمیشہ حرف کے اوپر لگایا جاتا ہے۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیے کہ بَ، مَ، وَ، فَ کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ثَ، ذَ، ظَ، تَ، دَ، طَ، زَ، سَ، صَ، لَ، نَ، رَ کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیے کہ جَ، شَ، یَ، ضَ، گ، قَ کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ءَ، ہَ، عَ، حَ، غَ، خَ کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ زیر کی آواز نیچے کی جانب جاتی ہے اس کی آواز "ی" کی آواز سے کچھ کم ہوتی ہے۔ یہ ہمیشہ حرف کے نیچے لگائی جاتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیے کہ بِ، مِ، وِ، فِ کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ثِ، ذِ، ظِ، تِ، دِ، طِ، زِ، سِ، صِ، لِ، نِ، رِ کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیے کہ جِ، شِ، یِ، ضِ، کِ، قِ کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ءِ، ہِ، عِ، حِ، غِ، خِ کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ پیش کی آواز بھی اوپر کی جانب اٹھتی ہے اس کی آواز کو ادا کرتے وقت ہونٹوں کو گول کیا جاتا ہے۔ اس کی آواز "و" کی آواز سے کچھ کم ہوتی ہے۔ یہ ہمیشہ حرف کے اوپر لگائی جاتی ہے۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیے کہ بُ، مُ، وُ، فُ کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ثُ، ذُ، ظُ، تُ، دُ، طُ، زُ، سُ، صُ، لُ، نُ، رُ کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے سے

نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیے کہ جُ، شُ، یُ، صُ، کُ، قُ کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ءُ، ہُ، عُ، حُ، غُ، خُ کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ • نمونے کی پڑھائی کے بعد کسی ایک ذہین طالب علم سے بھی کہیں کہ وہ بھی سبق ''حرکات'' کی کچھ لائنیں پڑھے۔ • اس کے بعد ایک درمیانے اور ایک کمزور درجے کے طالب علم سے کہیں کہ وہ بھی پڑھیں۔ • کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیجیے نیز سبق کی پڑھائی کے عمل کے بعد کچھ دیر کے لئے مباحثاتی طریقہ تدریس استعمال کریں تاکہ تمام طلبہ اپنی چھپی صلاحیتوں کو ابھارنے میں کامیاب ہو سکیں اور اگلے دن مزید گرم جوشی سے پڑھائی کے عمل میں حصہ لیں۔ **اضافی سرگرمی:** **سرگرمی نمبر 1:** درج ذیل حروف کو حرکات کی مدد سے پڑھیے۔ ثُ فِ ضُ ظِ حَ لُ سَ جِ ذَ عِ کُ رِ شِ ءَ ثُ ہَ وِ تَ طُ مِ صِ قِ نِ خُ	
خلاصہ: سبق ''حرکات'' کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • زبر کی آواز کس جانب ہوتی ہے؟ • زیر کی آواز کس جانب ہوتی ہے؟	۲منٹ
تفویض کار: عربی حروف تہجی کو اپنی کاپی پر لکھیے اور ''حرکات'' (زبر، زیر اور پیش) اور ان کی آوازوں کو یاد کیجیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:	
پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: کھڑی حرکات (کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش) **وقت:** ۴۰/۱ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 3 **دن:** 2	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- کھڑی حرکات (کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش) اور ان کی آوازوں کو پہچان سکیں گے۔
- کھڑی حرکات (کھڑا زبر، کھڑی زیر اور کھڑی پیش) والے حروف کو درست تلفظ سے پڑھ سکیں گے۔
- سورۃ اللَّهَبِ زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشو نما پاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش، اٹھتی، لمبا، کھڑی حرکات، پڑھا

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ

	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو سبق کے نام ''کھڑی حرکات'' سے آگاہ کیجیے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈ اور مارکر کی مدد سے تحریری و تقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے ہوئے کھڑی حرکات کی تین مختلف تعداد لکھوائیے نیز اس کے مطابق تمام طلبہ کو مثالیں دے کر سمجھائیے۔ • اُنہیں بتائیے کہ وہ یہ سبق ''کھڑی حرکات'' کیوں پڑھ رہے ہیں۔ • انہیں بتائیے کہ کھڑی حرکات کی کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش کو کس طرح پڑھا جاتا ہے؟	۵منٹ
منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:-** • نمونے کے طور پر بلند آواز میں ''سورۃ اللَّهَبِ'' (صفحہ نمبر 24) کی تلاوت کریں۔ طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سُوْرَۃُ	۳۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

اللَّهَبِ" کی تلاوت غور سے سنیے۔

- نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق "کھڑی حرکات" کی پڑھائی کروائیے۔
- طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق 3 قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ عنوان: "کھڑی حرکات" (صفحہ نمبر 10،11) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش، اٹھتی، لمبا، کھڑی حرکات، پڑھا، وغیرہ۔
- اس کے عبد طلبہ کو بتائیے کہ کھڑا زبر کو ایک الف "ا" کے برابر لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیے کہ بٗ، مٗ، وٗ، فٗ کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ثٗ، ذٗ، ظٗ، ٹٗ، ڈٗ، طٗ، زٗ، سٗ، صٗ، لٗ، نٗ، رٗ کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیے کہ جٗ، شٗ، یٗ، ضٗ، گٗ، قٗ کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ءٗ، ہٗ، عٗ، حٗ، غٗ، خٗ کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ کھڑی زیر کو ایک "ی" کے برابر لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیے کہ بٖ، مٖ، وٖ، فٖ کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ثٖ، ذٖ، ظٖ، تٖ، دٖ، طٖ، زٖ، سٖ، صٖ، لٖ، نٖ، رٖ کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیے کہ جٖ، شٖ، یٖ، ضٖ، کٖ، قٖ کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ءٖ، ہٖ، عٖ، حٖ، غٖ، خٖ کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ اُلٹا پیش کو "واؤ" کے برابر لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیے کہ بٗ، مٗ، وٗ، فٗ کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ثٗ، ذٗ، ظٗ، ٹٗ، ڈٗ، طٗ، زٗ، سٗ، صٗ، لٗ، نٗ، رٗ کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیے کہ جٗ، شٗ، یٗ، ضٗ، کٗ، قٗ کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ءٗ، ہٗ، عٗ، حٗ، غٗ، خٗ کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

• نمونے کی پڑھائی کے بعد کسی ایک ذہین طالب علم سے بھی کہیں کہ وہ بھی سبق ''کھڑی حرکات'' کی کچھ لائنیں پڑھے۔ • اس کے بعد ایک درمیانے اور ایک کمزور درجے کے طالب علم سے کہیں کہ وہ بھی پڑھیں۔ • کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیجیے نیز سبق کی پڑھائی کے عمل کے بعد کچھ دیر کے لئے مباحثاتی طریقہ تدریس استعمال کریں تاکہ تمام طلبہ اپنی چھپی صلاحیتوں کو ابھارنے میں کامیاب ہو سکیں۔ اور اگلے دن مزید گرم جوشی سے پڑھائی کے عمل میں حصہ لیں۔ **اضافی سرگرمی:** **سرگرمی نمبر 1:** درج ذیل حروف کو کھڑی حرکات کی مدد سے پڑھیے۔ ثٰ فِ ضَ طِ خَ لُ سِ جِ ذُ عِ کُ رِ شِ ءُ ثٰ ہٖ وِ بٖ ظُ مِ زُ قِ نٰ خَ	
خلاصہ: سبق ''کھڑی حرکات'' کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • کھڑا زبر کو کس کے برابر کر کے پڑھا جاتا ہے؟ • اور اُلٹا پیش کو کس کے برابر کر کے پڑھا جاتا ہے؟	۲منٹ
تفویض کار: عربی حروف تہجی کو اپنی کاپی پر لکھیے اور ''کھڑی حرکات'' (کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش) اور ان کی آوازوں کو یاد کیجیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:	
پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline
Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: تنوین/ سورۃ اللَّهَبِ	**وقت:** ۳۰/۱ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 3	**دن:** 3	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تنوین کے بارے میں جان سکیں گے۔
- تنوین سے پیدا ہونے والی آواز سے آگاہ ہو سکیں گے۔
- سورۃ اللَّهَبِ کو زبانی سنا سکیں گے۔
- تنوین کی تمام مشقی سوالات کو حل کر سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشو نما پاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** دوزبر، دوزیر، دوپیش۔ تنوین، آواز، ساکن،

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو سبق کے نام ''تنوین'' سے آگاہ کیجیے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈ اور مارکر کی مدد سے تحریری و تقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے ہوئے تنوین کی علامت والے مختلف الفاظ لکھوائیے نیز اس کے مطابق تمام طلبہ کو ان حروف کو پڑھنا سکھائیے۔ • اُنہیں بتائیے کہ وہ یہ سبق ''تنوین'' کی علامت کہاں لگائی جاتی ہے؟ • طلبہ کے علم کو جانچنے کے لیے پچھلے ہفتہ کے سبق سے کچھ سوالات پوچھیے: ➢ حرکات کی کتنی اقسام ہیں؟ نام بتائیے۔	۵منٹ
منصوبہ بندی	۲۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

ماڈل پڑھائی:-

- نمونے کے طور پر بلند آواز میں ''سورۃ اللَّهَبِ''(صفحہ نمبر 24) کی تلاوت کریں۔ طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سُوْرَۃُ اللَّهَبِ'' کی تلاوت غور سے سنیے۔
- نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق ''تنوین'' کی پڑھائی کروائیے۔
- طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق 4 قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ عنوان: ''تنوین''(صفحہ 12،13) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، دو زبر، دو زیر، دو پیش۔ تنوین، آواز، ساکن، وغیرہ۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیے زبر کی تنوین کے بارے میں بتائیے۔
- طلبہ کو بتائیے کہ بًا، مًا، وًا، فًا کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ثًا، ذًا، ظًا، تًا، دًا، طًا، زًا، سًا، صًا، لًا، نًا، رًا کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیے کہ جًا، شًا، یًا، ضًا، کًا، قًا کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ءًا، ھًا، عًا، حًا، غًا، خًا کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو زیر کی تنوین کے بارے میں بتائیے۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیے کہ بٍ، مٍ، وٍ، فٍ کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ثٍ، ذٍ، ظٍ، تٍ، دٍ، طٍ، زٍ، سٍ، صٍ، لٍ، نٍ، رٍ کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیے کہ جٍ، شٍ، یٍ، ضٍ، کٍ، قٍ کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ءٍ، ھٍ، عٍ، حٍ، غٍ، خٍ کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو پیش کی تنوین کے بارے میں بتائیے۔
- اس کے بعد طلبہ کو بتائیے کہ بٌ، مٌ، وٌ، فٌ کو ہونٹوں سے یعنی ان کی آواز ہونٹوں سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ اسی طرح کہ ثٌ، ذٌ، ظٌ، تٌ، دٌ، طٌ، زٌ، سٌ، صٌ، لٌ، نٌ، رٌ کو زبان کی نوک سے یعنی ان کی آواز کو زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔ طلبہ کو بتائیے کہ جٌ، شٌ، یٌ، ضٌ، کٌ، قٌ کو زبان کے کناروں اور جڑ سے یعنی ان کی آواز کو زبان

کے کنارے اور جڑ سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔اسی طرح کہ ءٗ،ہٗ،عٗ،حٗ،غٗ،خٗ کو خلق (گلا) سے یعنی ان کی آواز کو گلے سے نکال کر پڑھا جاتا ہے۔

- نمونے کی پڑھائی کے بعد کسی ایک ذہین طالب علم سے بھی کہیں کہ وہ بھی سبق ''کھڑی حرکات'' کی کچھ لائنیں پڑھے۔
- اس کے بعد ایک درمیانے اور ایک کمزور درجے کے طالب علم سے کہیں کہ وہ بھی پڑھیں۔
- کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیجیے نیز سبق کی پڑھائی کے عمل کے بعد کچھ دیر کے لئے مباحثاتی طریقہ تدریس استعمال کریں تاکہ تمام طلبہ اپنی چھپی صلاحیتوں کو ابھارنے میں کامیاب ہو سکیں اور اگلے دن مزید گرم جوشی سے پڑھائی کے عمل میں حصہ لیں۔

اضافی سرگرمی:

سرگرمی نمبر1: درج ذیل حروف کو کھڑی حرکات کی مدد سے پڑھیے۔

ثٍ	بً	طٍ	نًا	یٍ	گًا	خٍ	ضٍ	زٍ
غًا	شٌ	لٍ	جٍ	مٌ	شٌ	قٍ	طٌ	فًا
صٌ	قٌ	حٍ	ہً	دٍ	رًا			

سرگرمیاں:

سرگرمی نمبر۱: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1. زبر، زیر اور پیش کو حرکات کہتے ہیں۔
2. پیش کی آواز کو ادا کرتے وقت ہونٹوں کو گول کیا جاتا ہے۔
3. دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو تنوین کہتے ہیں۔
4. کھڑی حرکات کو لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے۔

سرگرمی نمبر۲: خالی جگہ پُر کریں۔

29.1 2.حُروف 3.حرکات 4.اوپر

سرگرمی نمبر۳: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

1.''الف'' کی آواز سے 2.''ی'' کی آواز سے

3.''واؤ'' کی آواز سے 4.ایک ''الف'' کے برابر

سرگرمی نمبر۴: کالم الف کو کالم ب سے ملائیے اور جملے مکمل کیجیے۔

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

1. زبر کی آواز اوپر کی جانب اُٹھتی ہے۔ 2. زیر کی آواز نیچے کی جانب جاتی ہے۔ 3. پیش کی آواز ادا کرتے وقت ہونٹوں کو گول کیا جاتا ہے۔ 4. زیر کی علامت حرف کے نیچے لگائی جاتی ہے۔ **سرگرمی نمبر ا:** **درج ذیل حروف کو اُن کی درست آوازوں سے ملایئے۔** 1. ب، با 2. ط، طا 3. مَا، مَنْ 4. بِ، بِیْ 5. ث، ثا	
خلاصہ: سبق ''تنوین'' اور ''سورۃ اللَّهَبِ'' کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • تنوین کسے کہتے ہیں؟ • تنوین کس کی آواز دیتا ہے؟	۲منٹ
• **تفویض کار:** کتاب سے صفحہ نمبر (14،15) میں دی گئی مشقی سرگرمیاں اپنی کاپی پر لکھیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:	
پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: جزم وسکون- حُروفِ قلقلہ	**وقت:** ۴۰/۱ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 4	**دن:** 1	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جزم وسکون- حُروفِ قلقلہ کے بارے میں جان سکیں گے۔
- جزم وسکون- حُروفِ قلقلہ والے حروف کو پڑھنا سیکھ سکیں گے۔
- سورۃ الْاِخْلَاصِ زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشو نما پاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** علامت، جزم، سکون، حرف، ساکن، پچھلے، ہمیشہ، اوپر، قلقلہ، معنی، تعداد

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو سبق کے نام ''جزم وسکون- حُروفِ قلقلہ'' سے آگاہ کیجیے گے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈ اور مارکر کی مدد سے تحریری و تقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے ہوئے جزم وسکون- حُروفِ قلقلہ کی علامت والے مختلف الفاظ لکھوایئے نیز اس کے مطابق تمام طلبہ کو ان حروف کو پڑھنا سیکھایئے۔ • اُنہیں بتایئے کہ وہ یہ سبق ''جزم وسکون'' کی علامت کہاں لگائی جاتی ہے؟ • طلبہ کے علم کو جانچنے کے لیے پچھلے ہفتہ کے سبق سے کچھ سوالات پوچھیے: ➢ پیش کی آواز کس جانب ہوتی ہے؟	۵منٹ
منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:-**	۳۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

• نمونے کے طور پر بلند آواز میں ''سورۃ الْاِخْلَاصِ''(صفحہ نمبر 24) کی تلاوت کریں۔ طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سورۃ الْاِخْلَاصِ'' کی تلاوت غور سے سنیے۔ • نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق ''جزم و سکون- حُروفِ قلقلہ'' کی پڑھائی کیجیے۔ • طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق 5 قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ عنوان: ''جزم و سکون- حُروفِ قلقلہ''(صفحہ نمبر 16) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، علامت، جزم، سکون، حرف، ساکن، پچھلے، ہمیشہ، اوپر،، قلقلہ، معنی، تعداد، وغیرہ۔ • اس کے بعد طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ جس حروف پر جزم و سکون کی علامت ہو تو اُسے ساکن کہتے ہیں ساکن حروف کو پچھلے حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے۔ **سرگرمی نمبر 1:** دیے گئے عربی حروف میں جزم کی علامت کا خیال رکھتے ہوئے درست تلفظ سے پڑھائی کیجیے۔ اَبْ اِبْ اُبْ اَتْ اَتْ اُتْ اَثْ اَمْ اَنْ اَلْ اِذْ اِنْ مِنْ مَنْ قُمْ كُنْ لَمْ • اس کے بعد طلبہ کو بتائیے قلقلہ کے معنی ہلانے کے ہیں۔ عربی کے کچھ حرف پر جب جزم آتی ہے تو ہم اُن الفاظ پر قلقلہ کرتے ہیں۔ یعنی ان کا الفاظ کو اُن کے مخارج سے ہلا کر پڑھتے ہیں۔ • مزید بچوں کو بتائیے کہ قلقلہ کی تعداد پانچ ہے، ق، ط، ب، ج، د قلقلہ کی تعداد ہیں۔ **سرگرمی نمبر ۲:** دیے گئے عربی حروف میں کو ان کے مخارج سے ہلا کر پڑھایے۔ اَقْ اِقْ اُقْ اَطْ اِطْ اُطْ اَبْ اِبْ اُبْ اَجْ اِجْ اُجْ اَدْ اِدْ اُدْ	
خلاصہ: سبق ''جزم و سکون- حُروفِ قلقلہ'' کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • جزم کے کیا معنی ہیں؟ • قلقلہ کا کیا معنی ہے؟	۲منٹ
تفویض کار: ''جزم و سکون- حُروفِ قلقلہ'' کی عربی سرگرمی کو اپنی کاپی پر لکھیے اور ان کی پڑھائی اور ان کی آوازوں کو یاد کیجیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:	
پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline
Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: تشدید، غُنّہ (مشق)	**وقت:** ۱/۴۰ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 4	**دن:** 2	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تشدید، غُنّہ کے بارے میں جان سکیں گے۔
- تشدید، غُنّہ والے حروف کو پڑھنا سیکھ سکیں گے۔
- سورۃ الْاِخْلَاصِ زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشو نما پاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** شدّ، تشدید، مرتبہ، حرف، غُنّہ، ناک، آواز، خوب صورتی، خلقی،

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ

	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی : سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو سبق کے نام ''تشدید، غُنّہ'' سے آگاہ کیجیے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈ اور مارکر کی مدد سے تحریری و تقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے ہوئے تشدید، غُنّہ کی علامت والے مختلف الفاظ لکھوائیے نیز اس کے مطابق تمام طلبہ کو ان حروف کو پڑھنا سیکھائیے۔ • اُنہیں بتائیے کہ وہ یہ سبق ''تشدید'' کی علامت کہاں لگائی جاتی ہے؟ • طلبہ کے علم کو جانچنے کے لیے پچھلے ہفتہ کے سبق سے کچھ سوالات پوچھیے: ➢ زبر کی آواز کس جانب ہوتی ہے؟	۵منٹ
منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:-**	۳۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

- نمونے کے طور پر بلند آواز میں ''سورۃ الْاِخْلَاصِ''(صفحہ نمبر 24) کی تلاوت کریں۔ طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سورۃ الْاِخْلَاصِ'' کی تلاوت غور سے سنیے۔
- نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق ''تشدید، غُنّہ'' کی پڑھائی کیجیے۔
- طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق 6 قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ عنوان: ''تشدید، غُنّہ''(صفحہ نمبر 17-18) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، شدّ، تشدید، مرتبہ، حرف، غُنّہ، ناک، آواز، خوب صورتی، خلقی، وغیرہ۔
- اس کے بعد طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ تشدید والے حرف کو دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔

اضافی سرگرمی:

سرگرمی نمبر 1: دیے گئے عربی حروف میں تشدید کی علامت کا خیال رکھتے ہوئے درست تلفظ سے پڑھائی کیجیے۔

رَبِّ اِنَّ اُمِّ عَمَّ کُلَّ غِلِّ

اِلَّا ثُمَّ اِنَّا قَدَّرَ قَیِّمَ حُصِّلَ

- اس کے بعد طلبہ کو بتائیے ناک میں تھوڑی دیر کے لیے آواز لے جانے کو غُنّہ کہتے ہیں۔ غُنّہ ہر حرف پر نہیں ہوتا۔ بلکہ صرف دو حرفوں پر غُنّہ ہوتا ہے۔
  - جب ''م'' کے اوپر شدّ پو تو ہمیشہ غُنّہ ہوتا ہے جیسے مُحَمَّدٌ
  - جب ''ن'' کے اوپر شدّ پو تو ہمیشہ غُنّہ ہوتا ہے جیسے اِنَّ

سرگرمی نمبر ۲: دیے گئے عربی حروف میں غُنّہ کی علامت کا خیال رکھتے ہوئے درست تلفظ سے پڑھائی کیجیے۔

عَمَّ ثُمَّ اَنْتُمْ جَنّٰتٍ جَنَّ اُنْزِلَ

سرگرمیاں:

سوال نمبر ا: **درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔**

1. جزم کے معنی ساکن کے ہیں۔
2. عربی میں کچھ حروف پر جب جزم آتی ہے تو ہم اُن الفاظ پر قلقلہ کرتے ہیں۔
3. غُنّہ صرف دو حرفوں پر کی جاتا ہے۔ جب ''م'' کے اوپر شدّ پو تو ہمیشہ غُنّہ ہوتا ہے جیسے مُحَمَّدٌ

جب ''ن'' کے اوپر شدّ پو تو ہمیشہ غُنّہ ہوتا ہے جیسے اِنَّ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

4. تشدید والے حرف کو دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ پہلی مرتبہ پچھلے حرف کے ساتھ ملا کر اور دوسری مرتبہ بغیر ملائے پڑھا جاتا ہے۔ **سوال نمبر ۲: خالی جگہ پُر کیجیے۔** 1. ساکن 2. پانچ 3. ناک 4. دو **سوال نمبر ۳: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔** 1. جزم والا حرف 2. ہلانا 3. غُنّہ 4. شدّ **سرگرمی نمبر ۱: درج ذیل آیات میں پانچ حرف ایسے ہیں جن پر جزم کی علامت ہے۔ انھیں تلاش کر کے لکھیے۔** 1. لَمْ 2. یَلِدْ 3. وَلَمْ 4. یَوْ 5. لَدْ **سرگرمی نمبر ۲: درج ذیل خانوں میں حرف قلقلہ لکھیے۔** 1. ق 2. ط 3. ب 4. ج 5. د **سرگرمی نمبر ۳: تشدید والے حروف کو توڑ کر لکھیے۔** 1. طَنْ، نَ 2. جَلْ، لَ 3. مَدْ، دَ	
خلاصہ: سبق ''تشدید، غُنّہ'' کی مشق کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • جن حرف پر جزم کی علامت ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟ • غُنّہ کسے کہتے ہیں؟	۲منٹ
تفویض کار: ''تشدید، غُنّہ'' کی عربی سرگرمی کو اپنی کاپی پر لکھیے اور ان کی آوازوں کو یاد کیجیے نیز کتاب سے صفحہ نمبر (18،19) میں دی گئی مشقی سرگرمیاں اپنی کاپی پر لکھیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:	
پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

نوٹ: دن 3 میں پچھلے اسباق کی دہرائی کروائی جائے گی۔

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

نوٹ:

- یہ کوئز کا ہفتہ ہے۔ طلبہ کا ایک مختصر کوئز لیجیے اور باقی دِنوں میں پچھلے نصاب کی دُہرائی کروایئے۔

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: حُروف مدَّہ	**وقت:** ۱/۴۰ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 6	**دن:** 1	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حُروف مدَّہ کے بارے میں جان سکیں گے۔
- حُروف مدَّہ والے حروف کو پڑھنا سیکھ سکیں گے۔
- سورۃ الْفَلَقِ زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشو نما پاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** عربی، کھینچ، پڑھنے، مد، مدّہ، حرکت، جزم، الف مدّہ، واو مدّہ، یائے مدّہ،

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ

	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد : • طلبہ کو سبق کے نام ''حُروف مدَّہ'' سے آگاہ کیجیے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈ اور مارکر کی مدد سے تحریری و تقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے ہوئے حُروف مدَّہ کی تین اقسام لکھوائیے نیز اس کے مطابق تمام طلبہ کو ان حروف کو پڑھنا سکھائیے۔ • اُنہیں بتائیے کہ ''حُروف مدَّہ'' کے حرف کو لمبا کر کر کے پڑھا جاتا ہے؟ • طلبہ کے علم کو جانچنے کے لیے پچھلے ہفتہ کے سبق سے کچھ سوالات پوچھیے: ➢ جزم کے کیا معنی ہیں؟	۵منٹ
منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:-**	۳۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

• نمونے کے طور پر بلند آواز میں ''سورۃ الْفَلَقِ'' (صفحہ نمبر 25) کی تلاوت کریں۔ طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سورۃ الْفَلَقِ'' کی تلاوت غور سے سنیے۔ • نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق ''حُروف مدّہ'' کی پڑھائی کیجیے۔ • طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق 7 قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ عنوان: ''حُروف مدّہ'' (صفحہ نمبر 20،21) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، عربی، کھینچ، پڑھنے، مد، مدّہ، حرکت، جزم، الف مدّہ، واو مدّہ، یائے مدّہ، وغیرہ۔ • اس کے بعد طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ حروف مدّہ تین ہیں۔ مثلاً ''الف مدّہ، واو مدّہ، یائے مدّہ'' • طلبہ کو بتائیے کہ الف مدّہ کو الف کے برابر کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: بَا رَا سَا نَا هَا تَابَ رَبَّنَا لَا لَنَا وَمَا • واو مدّہ کو ایک ''الف'' کے برابر کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: بُوْ خُوْ زُوْ رُوْ طُوْ رَسُوْلٌ نُوْرٌ اَعُوْذُ جُوْعٍ يَقُوْمُ • یائے مدّہ کو ایک ''الف'' کے برابر کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ جیسے: خِیْ دِیْ فِیْ نِیْ مِیْ رَبِّیْ نَعِیْمٍ يِهْدِیْ تُنْجِیْ • نمونے کی پڑھائی کے بعد کسی ایک ذہین طالب علم سے بھی کہیے کہ وہ بھی سبق ''حُروف مدّہ'' کی کچھ لائنیں پڑھے۔ • اس کے بعد ایک درمیانے اور ایک کمزور درجے کے طالب علم سے کہیے کہ وہ بھی پڑھیں۔ • کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیجیے نیز سبق کی پڑھائی کے عمل کے بعد کچھ دیر کے لئے مباحثاتی طریقہ تدریس استعمال کیجیے تا کہ تمام طلبہ اپنی چھپی صلاحیتوں کو ابھارنے میں کامیاب ہو سکیں۔ **سرگرمی نمبر 1:** مشقی تختی (حُروفِ مدّہ) کی پڑھائی کروائی جائے۔	
خلاصہ: سبق ''حُروف مدّہ'' کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • حروف مدّہ کتنے ہیں؟ • الف مدّہ کو کس طرح پڑھا جاتا ہے؟	۲منٹ
تفویض کار: ''حُروف مدّہ'' کی عربی سرگرمی کو اپنی کاپی پر لکھیے اور ان کی آوازوں کو یاد کیجیے۔	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت:اول

مضمون:اسلامیات

سیکھنے کی جانچ پڑتال:	
پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

جماعت:اول

مضمون:اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: حُروفِ لین(مشق)	**وقت:** ۱/۴۰ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 6	**دن:** 2	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حُروفِ لین کے بارے میں جان سکیں گے۔
- حُروفِ لین والے حروف کو پڑھنا سیکھ سکیں گے۔
- سورۃ الْفَلَقِ زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشو نما پاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** عربی، زبان، لین، نرمی، ادا، واو لین، یائے لین،

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو سبق کے نام ''حُروفِ لین'' سے آگاہ کیجیے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈ اور مارکر کی مدد سے تحریری و تقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے ہوئے حُروفِ لین کی دو اقسام لکھوائیے نیز اس کے مطابق تمام طلبہ کو ان حروف کو پڑھنا سیکھائیے۔ • اُنہیں بتائیے کہ ''حُروفِ لین'' کے حرف نرمی سے ادا کیا جاتا ہے؟ • طلبہ کے علم کو جانچنے کے لیے پچھلے ہفتہ کے سبق سے کچھ سوالات پوچھیے: ➢ تشدید کسے کہتے ہیں؟	۵منٹ
منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:-**	۳۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

• نمونے کے طور پر بلند آواز میں ''سورۃ الْفَلَقِ'' (صفحہ نمبر 25) کی تلاوت کریں۔ طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سورۃ الْفَلَقِ'' کی تلاوت غور سے سنیے۔ • نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق ''حُروفِ لین'' کی پڑھائی کیجیے۔ • طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق 7 قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ عنوان: ''حُروفِ لین'' (صفحہ نمبر 22-23) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، عربی، زبان، لین، نرمی، ادا، واو لین، یائے لین، وغیرہ۔ • اس کے بعد طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ حروفِ لین دو ہیں۔ مثلاً ''واؤ لین، یائے لین'' • طلبہ کو بتائیے کہ واو لین کو نرمی اور گولائی سے ادا کیا جاتا ہے۔ جیسے: زَوْ سَوْ عَوْ قَوْ یَوْ ثَوْ حَوْلَ خَوْفُ قَوْلَ یَومَ • طلبہ کو بتائیے کہ یائے لین کو بھی نرمی اور گولائی سے ادا کیا جاتا ہے۔ جیسے: بَیْ حَیْ شَیْ فَیْ لَیْ لَیْسَ ضَیْفَ عَلَیْکَ کَیْفَ غَیْرَ **سرگرمیاں:** **سرگرمی نمبر ۱:** **درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔** 1. عربی زبان میں حروف کو کھینچ کر پڑھنے کو ''مد'' کہتے ہیں۔ 2. حُروفِ مدّہ تین ہیں۔ 3. حُروف لین سے مراد وہ حُروف ہیں جن کو نرمی کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے۔ **سرگرمی نمبر ۲:** **خالی جگہ پُر کیجیے۔** 1. الف مدّہ 2. واو مدّہ 3. یائے مدّہ 4. پیش 5. زبر	
خلاصہ: سبق ''حُروفِ لین'' کی مشق کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • حروف لین سے کیا مراد ہے؟ • یائے مدّہ کو کس طرح پڑھا جاتا ہے؟	۲منٹ
تفویض کار: ''حُروفِ لین'' کی عربی سرگرمی کو اپنی کاپی پر لکھیے اور ان کی آوازوں کو یاد کیجیے نیز کتاب سے صفحہ نمبر (23) میں دی گئی مشقی سرگرمیاں اپنی کاپی پر لکھیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

نوٹ: دن 3 میں پچھلے اسباق کی دہرائی کروائی جائے گی۔

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: سورۃ اللَّهَبِ، سورۃ الإخلَاصِ، سورۃ الفَلَقِ، سورۃ النَّاس (دہرائی)	**وقت:** ۱/۴۰ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 7	**دن:** 1-3	

نوٹ: اوپر دیئے گئے اسباق کی مکمل دہرائی کروایئے۔

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

جماعت:اول

مضمون:اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: سورۃالکوثر	**وقت:** ۱/۴۰منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 8	**دن:** 1	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃالکوثر مع ترجمہ درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں گے۔
- سورۃالکوثر کو زبانی سنا سکیں گے
- سورۃالکوثر کے مفہوم کو سمجھ سکیں گے۔
- سورت کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں گے۔
- سورۃالنَّاس زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشوونمایاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** قرآن مجید، تیسویں، حوض، دشمن، خوشخبری، باقی، نام ونشان

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو سبق کے نام ”سورۃالکوثر“ سے آگاہ کیجیے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈ اور مارکر کی مدد سے تحریری و تقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے سورۃالکوثر کو وضاحت کے ساتھ سمجھائیے۔ • اُنہیں بتائیے کہ وہ یہ سبق ”سورۃالکوثر“ کیوں پڑھ رہے ہیں۔ • طلبہ کے علم کو جانچنے کے لیے پچھلے ہفتہ کے سبق سے کچھ سوالات پوچھیے: ➢ حُروفِ مدّہ کتنے ہیں؟	۵منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول **مضمون:** اسلامیات

منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:** • نمونے کے طور پر بلند آواز میں ''سورۃ النَّاس''(صفحہ نمبر 25) کی تلاوت کریں۔ طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سورۃ النَّاس'' کی تلاوت غور سے سنیے۔ • نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق ''سورۃ الکوثر'' کی تلاوت کروایئے۔ اس کے بعد بچوں کو ''سورۃ الکوثر'' کے ترجمہ کی بھی پڑھائی کروایئے۔ • طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سورۃ الکوثر'' کی تلاوت اور ترجمہ غور سے سنیں۔ • طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق حفظ قرآن مجید عنوان: ''سورۃ الکوثر''(صفحہ نمبر 26) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، قرآن مجید، تیسویں، حوِض، دشمن، خوشخبری، باقی، نام ونشان، وغیرہ۔ • نمونے کی پڑھائی کے بعد کسی ایک ذہین طالب علم سے بھی کہیں کہ وہ بھی سبق ''سورۃ الکوثر'' کی کچھ لائنیں پڑھے۔ • اس کے بعد ایک درمیانے اور ایک کمزور درجے کے طالب علم سے کہیے کہ وہ بھی پڑھیں۔ • کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیجیے نیز سبق کی پڑھائی کے عمل کے بعد کچھ دیر کے لئے مباحثاتی طریقہ تدریس استعمال کیجیے تا کہ تمام طلبہ اپنی چھپی صلاحیتوں کو ابھارنے میں کامیاب ہو سکیں۔ اور اگلے دن مزید گرم جوشی سے پڑھائی کے عمل میں حصہ لیں۔	۳۰منٹ
خلاصہ: سبق ''سورۃ الکوثر'' کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • ''سورۃ الکوثر'' قرآن مجید کے کون سے پارے میں ہے؟ • ''سورۃ الکوثر'' کی کتنی آیات ہیں؟	۲منٹ
تفویض کار: ''سورۃ الکوثر'' کو زبانی یاد کیجیے اور سورۃ الکوثر کے ترجمہ کو خوشخط اپنی کاپی پر لکھے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:	
پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline
Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

دریسی منصوبہ بندی

عنوان: سورۃ الاخلاص	**وقت:** ۱/۴۰ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 8	**دن:** 2	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الاخلاص مع ترجمہ درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں گے۔
- سورۃ الاخلاص کو زبانی سنا سکیں گے
- سورۃ النَّاس کا مفہوم کو سمجھ سکیں گے۔
- سورت کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں گے۔
- سورۃ النَّاس زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشو نما پاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** قرآن مجید، آخری، تیسویں، پارے، مکہ مکرمہ، نازل، تعارف، تہائی، تلاوت، برابر، اجر و ثواب

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام و آداب کے بعد: • طلبہ کو سبق کے نام "سورۃ الاخلاص" سے آگاہ کیجیے۔ • تمام طلبہ کو وائٹ بورڈ اور مارکر کی مدد سے تحریری و تقریری طریقہ تدریس استعمال کرتے "سورۃ الاخلاص" کو وضاحت کے ساتھ سمجھائیے۔ • اُنہیں بتائیے کہ وہ یہ سبق "سورۃ الاخلاص" کیوں پڑھ رہے ہیں۔ • طلبہ کے علم کو جانچنے کے لیے پچھلے ہفتہ کے سبق سے کچھ سوالات پوچھیے: ➢ سورۃ الکوثر قرآن مجید کے کون سی پارے میں ہے؟	۵ منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول　　مضمون: اسلامیات

منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:** • نمونے کے طور پر بلند آواز میں ''سورۃ النَّاس''(صفحہ نمبر 25) کی تلاوت کریں۔ طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سورۃ النَّاس'' کی تلاوت غور سے سنیے۔ • نمونے کے طور پر بلند آواز میں سبق ''سورۃ الاخلاص'' کی تلاوت کروایئے۔ اس کے بعد بچوں کو ''سورۃ الاخلاص'' کے ترجمہ کی بھی پڑھائی کروایئے۔ • طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ ''سورۃ الاخلاص'' کی تلاوت اور ترجمہ غور سے سنیں۔ • طلبہ کو ہدایت کیجیے کہ وہ سبق حفظ قرآن مجید عنوان: ''سورۃ الاخلاص''(صفحہ نمبر 7) کی پڑھائی غور سے سنیں، بالخصوص نئے الفاظ کا تلفظ، مثال کے طور پر، قرآن مجید، آخری، تیسویں، پارے، مکہ مکرمہ، نازل، تعارف، تہائی، تلاوت، برابر، اجر و ثواب ، وغیرہ۔ • نمونے کی پڑھائی کے بعد کسی ایک ذہین طالب علم سے بھی کہیے کہ وہ بھی سبق ''سورۃ الاخلاص'' کی کچھ لائنیں پڑھے • اس کے بعد ایک درمیانے اور ایک کمزور درجے کے طالب علم سے کہیے کہ وہ بھی پڑھیں۔ • کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیجیے نیز سبق کی پڑھائی کے عمل کے بعد کچھ دیر کے لئے مباحثاتی طریقہ تدریس استعمال کریں تاکہ تمام طلبہ اپنی چھپی صلاحیتوں کو ابھارنے میں کامیاب ہو سکیں اور اگلے دن مزید گرم جوشی سے پڑھائی کے عمل میں حصہ لیں۔	۳۰منٹ
خلاصہ: سبق ''سورۃ الاخلاص'' کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا: نیچے دیئے گئے اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • ''سورۃ الاخلاص'' قرآن مجید کے کون سے پارے میں ہے؟ • ''سورۃ الاخلاص'' کی کتنی آیات ہیں؟	۲منٹ
تفویض کار: ''سورۃ الاخلاص'' کو زبانی یاد کیجیے اور سورۃ الاخلاص کے ترجمہ کو خوشخط اپنی کاپی پر لکھیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:	
پڑھانے کی جانچ پڑتال:	

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص (مشق)	**وقت:** ۳۰/۱ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 8	**دن:** 3	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص کے مع ترجمہ درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں گے۔
- سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص کے مفہوم کو سمجھ سکیں گے۔
- سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص کے تمام مشقی سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔
- سورۃ النَّاس زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشونمایافتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:**

تجویز کردہ تدریسی طریقے: ☐ تقریری ☐ براہ راست ☐ عملی مظاہرہ	وقت
پڑھائی سے پہلے کی سرگرمی: سلام وآداب کے بعد: • طلبہ کو بتایئے کے آج ہم سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص کے مشق حل کرنے والے ہیں۔ • طلبہ کو ''سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص'' کی اہمیت کے بارے میں بتایئے۔ • طلبہ کے علم کو جانچنے کے لیے پچھلے ہفتہ کے سبق سے کچھ سوالات پوچھیے: ➢ سورۃ الکوثر کی کتنی آیات ہیں؟	۵منٹ
منصوبہ بندی **ماڈل پڑھائی:-** • نمونے کی پڑھائی کے بعد کسی ایک ذہین طالب علم سے بھی کہیے کہ وہ ''سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص'' کے مشقی سوالات	۲۰منٹ

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

	پڑھے۔ • اس کے بعد درمیانے درجے اور ایک کمزور درجے کے طلبہ سے بھی کہیے کہ وہ بھی پڑھیں۔ • موقع پر ہی غلطیوں کی درستی کروایئے اور اپنی رائے دیں۔ • طلبہ کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اگلی بار اس سے بھی اچھی پڑھائی کریں۔ **سرگرمیاں:** **سرگرمی نمبر ۱:** **سوالات کے جوابات دیں۔** **جواب نمبر ۱:** یہ سورت اُس وقت نازل ہوئی جب حضور اکرم ﷺ اپنے دشمنوں کی باتوں اور طعنوں سے غمزدہ تھے۔ **جواب نمبر ۲:** سورۃ الاخلاص کی تلاوت سے ایک تہائی (1/3) قرآن مجید کی تلاوت کے برابر اجر و ثواب ملتا ہے۔ **سرگرمی نمبر ۲:** **خالی جگہ پُر کریں۔** 1. تیسویں 2. تین 3. سورۃ الکوثر 4. مکہ مکرمہ 5. فضیلت **سرگرمی نمبر ۳:** **ترجمہ لکھیے:** بے شک آپ کا دشمن ہی بے نسل (اور بے نام و نشان) رہے گا۔ اللہ بے نیاز ہے۔ تو آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھیں اور قربانی کریں۔ نہ ہو کسی کا باپ ہے اور نہ ہی وہ کسی کا بیٹا ہے۔	
خلاصہ:	سبق ''سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص'' اور اس کی مشق کے اہم نکات دوبارہ بتا کر سبق کا خلاصہ بیان کیجیے۔	۳منٹ
جانچ کرنا:	نیچے دیے گئے کچھ اہم سوالات پوچھ کر طلبہ کے علم کی جانچ کیجیے۔ • قرآن مجید کی سب سے مختصر سورت کون سی ہے؟ • سورۃ الاخلاص کا ترجمہ سنایئے۔	۲منٹ
تفویض کار:	بچوں کو ''سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص'' کی تمام مشقی سرگرمیاں لکھنے اور یاد کرنے کے لیے دیجیے۔	
سیکھنے کی جانچ پڑتال:		
پڑھانے کی جانچ پڑتال:		

Copyright © Aquiline Publishers, Printers & Booksellers

Aquiline

Publishers, Printers & Booksellers

جماعت: اول

مضمون: اسلامیات

تدریسی منصوبہ بندی

عنوان: کلمہ طیبہ	**وقت:** ۱/۴۰ منٹ	**ششماہی:** پہلی
ہفتہ: 9	**دن:** 1	

مقاصدِ تدریس:

اِس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اِس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- کلمہ طیبہ مع ترجمہ درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں گے۔
- کلمہ طیبہ کے معنی کو سمجھ سکیں گے۔
- کلمہ طیبہ کی فضیلت بیان کر سکیں گے۔
- سورۃ اللَّهَبِ زبانی سنا سکیں گے۔

تدریسی معاونات: درسی کتاب، وائٹ بورڈ، بورڈ مارکر، ڈسٹر

- **نشو نما پاتی اقدار:** ☐ پیار ☐ ذمہ داری ☐ خوشی ☐ دوستی ☐ خیال رکھنا
- **ترقی کرتی مہارتیں:** ☐ بولنا ☐ پڑھنا ☐ لکھنا ☐ مشاہدہ ☐ دریافت کرنا
- **ذخیرۂ الفاظ:** کلمہ طیبہ، پاکیزہ، مسلمان، پہچان، شخص، باتیں، عبادت، رسول
